میڈیا کوآرڈینیٹر آفس

جامعہ ملیہ اسلامیہ

10 اکتوبر 2017

تائیوان یونیورسٹی اور جامعہ ملیہ کے درمیان تعلیمی تعاون

نئی دہلی (پریس ریلیز) آج تائیوان کے وزیر ڈپٹی تعلیم جامعہ ملیہ اسلامیہ تشریف لائے اور جامعہ کے ساتھ اپنے ملک کی یونیورسٹیوں کے درمیان تعلیمی تعاون کو مضبوط بنانے کی ضرورت کے بارے میں اظہار خیال کیا۔اس موقع پر جامعہ ملیہ اور تائیوان کی نیشنل کاوسنگ نارمل یونیورسی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔

اس معاہدے کے تحت، دونوں یونیورسٹی تعلیم، سائنس، ٹیکنالوجی اور آرٹ کے شعبوں میں ایک دوسرے کو تعاون دینے کے مجاز ہوں گے۔

اس اعلی سطحی میٹنگ میں دونوں یونیورسٹیوں میں تعلیمی پروگراموں کو فروغ دینے کے لئے مشترکہ سیمینار، طلباء کے تبادلے اور مشترکہ تحقیق جیسے کام میں شامل ہوں گے۔

اس اعلی سطحی وفد میں تائیوان کے ڈپٹی نائب وزیر تعلیم ڈاکٹر ہیٹر یاو، ڈائریکٹر جنرل این ڈی پی پین ہنگا نگ لیو اور نیشل کاونسنگ نارمل یونیورسٹی کے نائب صدر شامل تھے۔مسٹر یاؤ نے دونوں ممالک کے درمیان تعلیم اور تحقیق پر تبادلہ خیال کیا اور امید کی کہ دونوں تعلیمی ادارے دوطرفہ تعاون میں اہم شراکت دار ہوں گے۔

مسٹر یو نے کہا کہ تائیوان کی حکومت اور دونوں ممالک کی یونیورسٹیوں کے درمیان خیالات اور تعاون کو فروغ دینے کے لئے 'یونیورسٹی پریسیڈینٹس' نامی ایک رسمی فورم قائم کرنے کی بات کہی۔

انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلیمی تعاون کو بڑھانے کے لئے، تائیوان حکومت ہر سال 1000 ہندوستانی طلباء کو اسکالرشپ فراہم کرنا چاہتا ہے، تاکہ وہ ہر سال تعلیم اور تحقیق کیلئے طلباء تائیوان آسکیں۔

اس موقع پر جامعہ ملیہ کے وائس چانسلر پروفیسر طلعت احمد نے امید ظاہر کی کہ دونوں یونیورسٹیوں کے درمیان اس تعاون سے تعلیم، سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں تحقیق کر رہے طلباء کو فائدہ ہوگا۔انہوں نے ایشیائی ممالک کی یونیورسٹیوں کے درمیان تعلیمی تعاون بڑھانے پر خاص زور دیا۔

پروفیسر صائمہ سعید
میڈیا کوآرڈینیٹر